# فِلپّیوں
# کے نام پَولُسؔ کا خط

1 یہ خط پَولُسؔ اَور تِیمُتھِیُس کی طرف سے جو المسیح یِسوعؔ کے
خادِم ہیں،
فِلپّی شہر کے سارے مسیحی مُقدّسین، پاسبانوں اَور خادِموں کو
لِکھّا جا رہاہے۔*
2 ہمارے خُدا باپ اَور خُداوؔند یِسوعؔ المسیح کی طرف سے تُمہیں
فضل اَور اِطمینان حاصل ہوتا رہے۔

## شُکر گُزاری اَور دعا

3 میں جَب کبھی تُمہیں یاد کرتا ہُوں تو اَپنے خُدا کا شُکر اَدا کرتا
ہُوں۔
4 اَور اَپنی ہر ایک دعا میں جو تمہارے لِئے کرتا ہوں ہمیشہ خُوشی
کے ساتھ تُم سَب کے لِئے مِنّت کرتا ہُوں۔
5 اِس لِئے کہ تُم پہلے دِن سے آج تک خُوشخبری پھیلانے میں شریک
رہے ہو،

* **1:1** پَولُسؔ ہی تھے جنہوں نے یہ خط لِکھّا تھا، اَور تِیمُتھِیُس صِرف آداب و القاب میں پَولُسؔ کے ساتھ شامل ہُوا تھا۔

6 اَور مُجھے اِس بات کا یقین ہے کہ خُدا، جِس نے تُم لوگوں میں
اَپنا نیک کام شروع کیا ہے وہ اُسے المسیح یِسوعؔ کی واپسی کے دِن تک
پُورا کر دے گا۔
7 میرا تُم سَب کی بابت یہ خیال کرنا مُناسب ہے، کیونکہ تُم ہمیشہ
میرے دِل میں رہتے ہو، نہ صِرف اِس وقت جَب کہ میں زنجیروں
میں قَید ہُوں بَلکہ اُس وقت بھی جَب مَیں خُوشخبری کی جَوابدِھی اَور
ثبوت کے عَمل میں، تُم سَب میرے ساتھ خُدا کے فضل میں شریک
رہے ہو۔
8 خُدا گواہ ہے کہ میرے دِل میں تمہارے لِئے المسیح یِسوعؔ کی
سِی مَحَبّت ہے اَور مَیں تمہارا کِس قدر مُشتاق ہُوں۔
9 میری دعا ہے کہ تُم اَپنی مَحَبّت میں خُوب ترقّی کرو اَور تمہارا علم
اَور رُوحانی تجربہ بھی بڑھتا چلا جائے،
10 تاکہ تُمھیں مَعلُوم ہو سکے کہ کون سِی بات سَب سے اَچھّی ہے،
اَور تُم المسیح کے واپسی کے دِن تک صَاف دِل اَور بے عیب رہو،
11 اَور یِسوعؔ المسیح کے وسیلہ سے راستبازی کے پھل سے بھرے
رہو، تاکہ خُدا کا جلال ظاہر ہو اَور اُس کی سِتائش ہوتی رہے۔

## انجیل کی ترقّی

12 اَے بھائیو اَور بہنوں! میری خواہش ہے کہ تُمھیں یہ بات مَعلُوم
ہو جائے کہ جو کچھ مُجھ پر گُزرا ہے وہ خُوشخبری کی ترقّی کا باعث
ہُوا ہے۔

13 یہاں تک کہ شاھی محل کے تمام سپاھیوں اَور یہاں کے سَب لوگوں
میں یہ بات مشہُور ہو گئی ھے کہ میں المسیح کے خادِم ہونے کی خاطِر
قَید میں ہُوں۔
14 میرے قَید ہونے سے کئی بھائی اَور بہن جو خُداوؔند پر ایمان رکھتے
ھیں، دِلیر ہو گئے ھیں، یہاں تک کہ وہ بے خوف ہوکر خُدا کا کلام
سُنانے کی جُرأت کرنے لگے ھیں۔
15 بعض تو حَسد اَور جھگڑے کی وجہ سے المسیح کی مُنادی کرتے
ھیں، بعض نیک نیّتی سے۔
16 جو مَحبّت کی وجہ سے مُنادی کرتے ھیں، وہ جانتے ھیں کہ خُدا
نے مُجھے خُوشخبری کی حمایت کرنے کے لِئے مُقرّر کیا ھے۔
17 لیکن دُوسرے اِس مُعاملہ میں صَاف دِل نہیں ھیں، بَلکہ مُجھ سے
حَسد کی وجہ سے المسیح کی مُنادی کرتے ھیں، تا کہ قَید میں بھی
مُجھے رنج پہُنچائیں۔
18 پس کیا ہُوا؟ اُن کی نیّت بُری ہو یا نیک، المسیح کی خُوشخبری تو
سُنائی جاتی ھے۔ میں اِسی بات سے خُوش ہُوں۔

ھاں، اَور مَیں خُوش رہُوں گا۔
19 کیونکہ مَیں جانتا ہُوں کہ تمہاری دعا اَور یِسوعؔ المسیح کے پاک
رُوح کے لُطف و کرم کی وجہ سے مُجھے نَجات ملے گی۔
20 میری دِلی خواھش اَور اُمّید یہ ھے کہ مُجھے کسی بات میں بھی
شرمندگی کا مُنہ نہ دیکھنا پڑے، بَلکہ جَیسے میں ھمیشہ بڑی دِلیری سے
المسیح کا جلال اَپنے جِسم سے ظاھر کرتا رہا ہوں وَیسے ھی کرتا رہُوں

گا، خواہ میں زندہ رہُوں یا مَر جاؤں۔
21 کیونکہ زندہ رھنا میرے لِئے المسیح ھے، اَور مرنا نفع۔
22 لیکن اگر میرا جِسمانی طور پر زندہ رھنا، میرے کام کے لِئے
زِیادہ مفید ھے۔ میں کیا پسند کروں؟ میں نہیں جانتا۔
23 میں بڑی کَشمکش میں مُبتلا ھُوں: جی تو چاھتا ھے کہ دُنیا کو
خیرباد کھہ کر المسیح کے پاس جا رھُوں، کیونکہ یہ زِیادہ بہتر ھے؛
24 پھر بھی میرا جِسمانی طور پر زندہ رھنا تمھارے لِئے زِیادہ ضرُوری
ھے۔
25 چنانچہ مُجھے اِس بات کا بڑا یقین ھے کہ میں زندہ رھُوں گا، بَلکہ
تُم سَب کے ساتھ رھُوں گا تا کہ تُم ایمان میں ترقّی کرو اَور خُوش رھو،
26 اَور جَب مَیں تمھارے پاس پھر آؤں تو المسیح یِسوعؔ میں ھونے کی
وجہ سے وہ فخر جو تُم مُجھ پر کرتے ھو، اَور بھی زِیادہ ھو جائے گا۔

## ایمان کے لِئے جدّوجہد

27 کچھ بھی ھو، اِتنا ضرُور کرو کہ تمھارا چال چلن المسیح کی
خُوشخبری کے لائق ھو۔ تا کہ، خواہ میں تُمھیں دیکھنے آؤں یا نہ آؤں،
یہ ضرور سُن سکوں کہ تُم ایک رُوح میں قائِم ھو، اَور ایک جان ھوکر
کوشش کر رھے ھو کہ لوگ خُوشخبری پر ایمان لائیں
28 اَور یہ بھی کہ تُم کسی بات میں بھی اَپنے مُخالفوں سے خوفزدہ
نہیں ھوتے۔ یہ اُن کے لِئے تو ھلاکت کا، لیکن تمھارے لِئے نَجات کا
نِشان ھے اَور یہ خُدا کی طرف سے ھے۔
29 کیونکہ المسیح کی خاطِر تُم پر یہ فضل ھُوا کہ نہ فقط خُداوؔند پر
ایمان لاؤ، بَلکہ خُداوؔند کی خاطِر دُکھ بھی سہو،

30 تُم بھی اُسی طرح جدّوجہد کرتے رہو جِس طرح تُم نے مُجھے
کرتے دیکھا تھا، اَور اَب بھی سُنتے ہو کہ میں اَب تک اُسی میں مصروف
ہُوں۔

## 2

### المسیح کی فروتنی کی مثال

1 پس اگر المسیح میں تُم میں تسلّی اَور مَحَبّت سے حوصلہ، اَور پاک
رُوح کی رِفاقت میں رحمدلی اَور ہمدردی پائی جاتی ہے،
2 تو میری یہ خُوشی پُوری کر دو کہ یکدل رہو، یکساں مَحَبّت رکھو،
ایک جان ہو اَور ہم خیال رہو۔
3 تِفرقہ اَور فُضول فخر کے باعث کُچھ نہ کرو۔ بَلکہ، فروتن ہوکر ایک
شخص دُوسرے شخص کو اَپنے سے بہتر سمجھے۔
4 ہر ایک صِرف اَپنے مفاد کا نہیں بَلکہ دُوسروں کے مفاد کا بھی
خیال رکھے۔
5 تمہارا مِزاج بھی وَیسا ہی ہو، جَیسا المسیح یِسوعؔ کا تھا:
6 اگرچہ وہ خُدا کی صورت پر تھے،
پھر بھی یِسوعؔ نے خُدا کی برابری کو اَپنے قبضہ میں رکھنے کی
چیز نہ سمجھا،
7 بَلکہ اَپنے آپ کو خالی کر دیا،
اَور غُلام کی صورت اِختیار کرکے،
اِنسانوں کے مُشابہ ہو گئے۔
8 یِسوعؔ نے اِنسانی شکل میں ظاہر ہوکر،
اَپنے آپ کو فروتن کر دیا

اَور موت
بلکہ صلیبی موت تک فرمانبردار رہے!

9 اِس لِئے خُدا نے یِسوعؔ کو نہایت ہی اُونچا درجہ دیا،
اَور یِسوعؔ کو وہ نام عطا فرمایا جو ہر نام سے اعلیٰ ہے،
10 تا کہ یِسوعؔ کے نام پر ہر کوئی گھٹنوں کے بَل جُھک جائے،
چاہے وہ آسمان پر ہو، چاہے زمین پر، چاہے زمین کے نیچے۔
11 اَور ہر ایک زبان خُدا باپ کے جلال کے لِئے اقرار کرے،
کہ یِسوعؔ المسیح ہی خُداوؔند ہیں۔

## دُنیا کے لِئے رَوشنی

12 پس اَے میرے عزیزو! جِس طرح تُم نے میری مَوجُودگی میں
ہمیشہ میری فرمانبرداری کی ہے، اُسی طرح اَب میری غَیر مَوجُودگی
میں بھی خُوب ڈرتے اَور کانپتے ہُوئے اَپنی نَجات کے کام کو جاری
رکھو،
13 کیونکہ وہ خُدا ہی ہے جو تُم میں نیّت اَور عَمل دونوں کو پیدا
کرتا ہے تا کہ اُس کا نیک اِرادہ پُورا ہو سکے۔
14 اَور سَب کام کسی شکایت اَور حُجّت کے بغیر ہی کر لیا کرو،
15 تا کہ تُم بے عیب اَور پاک ہوکر بداخلاق اَور گُمراہ لوگوں کے
درمیان، ”خُدا کے بے نُقص فرزندوں کی طرح اِس جہاں میں زندگی
گُزارو۔“* تا کہ اُن میں تُم آسمان کے سِتاروں کی مانند چمکو

* **2:15** اِست 5:32

16 اَور زندگی کا کلام پیش کرتے ہو تا کہ المسیح کے لوٹنے کے دِن
مُجھے فخر ہو کہ نہ تو میری دَوڑ دھوپ فُضول گئی اَور نہ محنت بے
فائدہ رہی۔
17 اگر تمہارے ایمان اَور تمہاری خدمت کی قُربانی کے ساتھ مُجھے
بھی اَپنی جان کی قُربانی دینا پڑے تو مُجھے خُوشی ہوگی، اَور مَیں تُم سَب
کی خُوشی میں شریک ہو سکوں گا۔
18 اِسی طرح تُمھیں بھی خُوش ہوکر میری خُوشی میں شریک ہونا
چاہئے۔

## تِیمُتھِیُس اَور اِپفردِتُسؔ

19 مُجھے خُداوؔند یِسوعؔ میں اُمّید ہے کہ میں تِیمُتھِیُس کو جلد ہی
تمہارے پاس روانہ کر دُوں، تا کہ اُس سے تمہاری خیریت کی خبر سُن
کر مُجھے بھی اِطمینان حاصل ہو۔
20 کیونکہ اُس کے علاوہ یہاں میرا کوئی اَور ہم خیال نہیں جو سچّے
دِل سے تمہارے لئے فِکرمند ہو۔
21 کیونکہ دُوسرے سبھی اَپنی اَپنی باتوں کی فکر میں ہیں، نہ کہ
یِسوعؔ المسیح کی۔
22 لیکن تُم تِیمُتھِیُس کے کِردار سے واقف ہو کہ کِس طرح اُس نے
ایک بیٹے کی طرح میرے ساتھ مِل کر خُوشخبری کی مُنادی کی خدمت
اَنجام دی ہے۔
23 پس، میں اُمّید کرتا ہُوں کہ جِتنی جلدی میری صورت حال واضح
ہو جائے گی، میں اُسے تمہارے پاس بھیج دُوں گا۔

24 بَلکہ مُجھے خُداوؔند پر بھروسا ہے کہ میں خُود بھی جلد ہی آ جاؤں
گا۔
25 لیکن مَیں نے اِپفرُدِتُسؔ کو تمھارے پاس بھیجنا ضرُوری سمجھا،
وہ میرا مسیحی بھائی، ہم خدمت اَور میری طرح المسیح کا سپاہی ہے،
وہ تمھارا قاصِد ہے، جسے تُم نے میری ضرُورتیں پُوری کرنے کے لِئے
بھیجا تھا۔
26 وہ تُم سَب کا مُشتاق ہے اَور بے قرار بھی ہے کیونکہ تُم نے
اُس کی بیماری کا حال سُنا تھا۔
27 بے شک وہ اَپنی بیماری سے، مَرنے کے قریب تھا۔ لیکن خُدا
نے اُس پر رحم کیا، اَور نہ صِرف اُس پر بَلکہ مُجھ پر بھی، تا کہ مُجھے
غم پر غم نہ ہو۔
28 اِس لِئے مُجھے خیال آیا کہ اُسے جلد اَز جلد روانہ کر دُوں، تا کہ
جَب تُم اُسے پھر سے دیکھو تو خُوش ہو جاؤ اَور میری بےقراری بھی
کم ہو جائے۔
29 پس تُم اُس کا خُداوؔند میں اَپنا بھائی سمجھ کر گرم جوشی سے
اِستِقبال کرنا، اَور اَیسے لوگوں کا اِحترام کرنا لازِم ہے،
30 کیونکہ وہ المسیح کی خدمت کی خاطِر مَرنے کے قریب ہو گیا
تھا۔ اَور اُس نے اَپنی جان کو خطرہ میں ڈال دیا تا کہ میری خدمت
میں جو کمی تمھاری وجہ سے ہوئی وہ اُسے پُورا کر دے۔

# 3

## المسیح میں حقیقی راستبازی

1 غرض، میرے بھائیو اَور بہنوں، خُداوؔند میں خُوش رہو! تُمھیں
ایک ھی بات دوبارہ لکھنے میں مُجھے تو کُچھ دِقّت نہیں، اَور تمھاری
اِس میں حِفاظت ہے۔
2 اُن کُتّوں سے* خبردار رہو، اُن بدکرداروں سے اَور اُن سے جو ختنه
کروانے پر زور دیتے ھیں۔
3 کیونکه مختون تو ہم ھیں، جو خُدا کے رُوح کی ھدایت سے اُس
کی عبادت کرتے ھیں، اَور المسیح یِسوعؔ پر فخر کرتے ھیں اَور جِسم پر
بھروسا نہیں کرتے
4 اگرچه میں تو جِسم پر بھروسا کر سَکتا ھُوں۔

لیکن اگر کوئی جِسم پر بھروسا کرنے کا خیال کر سَکتا ہے، تو میں
اُس سے بھی زِیادہ کر سَکتا ھُوں:
5 میری پیدائش کے سات دِن بعد آٹھویں دِن میرا ختنه ھُوا، میں
اِسرائیلی قوم اَور بِنیامین کے قبیله سے ھُوں، عِبرانیوں کا عِبرانی؛ شَریعت
کے اِعتبار سے، میں ایک فِریسی ھُوں؛
6 جوش کے اِعتبار سے، جماعت کا ستانے والا؛ شَریعت کی
راستبازی کے اِعتبار سے، بے عیب۔
7 لیکن جو کُچھ میرے لئے نفع کا باعث تھا، مَیں نے اُسے المسیح
کی خاطِر نُقصان سمجھ لیا ہے۔
8 بَلکه میں اَپنے خُداوؔند المسیح یِسوعؔ کی پہچان کو اَپنی بڑی خُوبی
سمجھتا ھُوں، جِن کی خاطِر مَیں نے دُوسری تمام چیزوں کا نُقصان

* 3:2 کُتّوں سے جھُوٹے اُستادوں جو کُتّوں کی سِی خصلت جَیسے ھیں۔

اُٹھایا۔ اَور اُن چیزوں کو کُوڑا سمجھتا ہُوں، تا کہ المسیح کو حاصل
کرلُوں
9 اَور المسیح میں پایا جاؤں، لیکن اَپنی شَریعت والی راستبازی کے
ساتھ نہیں، بَلکہ اُس راستبازی کے ساتھ جو المسیح پر ایمان لانے سے
حاصل ہوتی ہے۔ یہ راستبازی خُدا کی طرف سے ہے اَور ایمان کی
بُنیاد پر مَبنی ہے۔
10 میں یہی چاہتا ہُوں کہ المسیح کو اَور اُن کے جی اُٹھنے کی قُدرت
کو جانوں، المسیح کے ساتھ دُکھوں میں شریک ہونے کا تجربہ حاصل
کروں، اَور المسیح کی موت سے مُشابَہت پیدا کرلُوں،
11 تا کہ کسی طرح مُردوں میں سے جی اُٹھنے کے درجہ تک جا
پہُنچوں۔
12 اِس کا مطلب یہ نہیں کہ میں اُس مقصد کو پاچُکا ہُوں یا کامِل
ہو چُکا ہُوں، بَلکہ میں اُس مقصد کو پانے کے لِئے دَوڑا چلا جا رہا
ہُوں جِس کے لِئے المسیح یِسوعؔ نے مُجھے پکڑا تھا۔
13 اَے میرے بھائیو اَور بہنوں! میرا یہ گمان نہیں کہ میں اُسے پاچُکا
ہُوں۔ بَلکہ صِرف یہ کہہ سَکتا ہُوں: جو چیزیں پیچھے رہ گئی ہیں اُنہیں
بھُول کر آگے کی چیزوں کی طرف بڑھتا جا رہا ہُوں،
14 اَور تیزی سے نِشانہ کی جانِب دَوڑا چلا جاتا ہُوں تا کہ وہ اِنعام
حاصل کرلُوں جِس کے لِئے خُدا نے مُجھے المسیح یِسوعؔ میں اُوپر آسمان
پر بُلایا ہے۔

## آسمانی شہریت

15 لٰہذا، ہم میں سے جِتنے رُوحانی طور پر بالغ ہیں، یہی خیال رکھیں۔
اَور اگر تمہارا کسی اَور قِسم کا خیال ہو، تو خُدا اُسے بھی تُم پر ظاہر
کر دے گا۔
16 بہرحال جہاں تک ہم پہُنچ چُکے ہیں اُسی کے مُطابق چلتے جائیں۔
17 اَے بھائیو اَور بہنوں! تُم سَب میرے نقش قدم پر چلو، اَور اُن
لوگوں پر غور کرو جو ہمارے دئیے ہوئے نمونہ پر چلتے ہیں۔
18 کیونکہ، بہت سے اَیسے ہیں جِن کا ذِکر میں بارہا کر چُکا ہُوں
اَور اَب بھی تُم سے رو رو کر کہتا ہُوں، بہت سے لوگ اَپنے چال چلن
سے المسیح کی صلیب کے دُشمن بَن کر جیتے ہیں۔
19 اُن کا اَنجام ہلاکت ہے، اُن کا پیٹ ہی اُن کا خُدا ہے، وہ اَپنی
اُن باتوں پرجو شرم کا باعث ہیں فخر کرتے ہیں۔ اَور دُنیوی چیزوں کے
خیال میں لگے رہتے ہیں۔
20 مگر ہمارا وطن آسمان پر ہے۔ اَور ہم اَپنے مُنجّی خُداوند یِسوعؔ
المسیح کے وہاں سے، واپس آنے کے اِنتظار میں ہیں،
21 المسیح اَپنی قُوّت سے ساری چیزوں کو اَپنے تابع کر سکتے ہیں،
اِسی قُوّت کی تاثیر سے وہ ہمارے فانی بَدن کی شکل بدل کر اَپنے جلالی
بَدن کی مانند بنا دیں گے۔

# 4

1 اِس لِئے میرے عزِیز بھائیو اَور بہنو، جِن کا میں مُشتاق ہُوں، اَور
تُم جو میری خُوشی اَور میرا تاج ہو، اَے میرے عزِیزو، خُداوؔند میں
اِسی طرح قائِم رہو!
2 یُوؤدیہؔ اَور سُنتّخےؔ دونوں خواتین کو میری نصیحت یہ ہے کہ وہ
خُداوؔند میں یکدل ہوکر رہیں۔
3 اَور میرے سچّے ہم خدمت! میں تُم سے بھی درخواست کرتا ہُوں
کہ اِن دونوں خواتین کی مدد کرو، کیونکہ اُنہُوں نے کلیمینت اَور
میرے باقی ہم خدمتوں سمیت، میرے ساتھ خُوشخبری پھیلانے میں بڑی
محنت کی، اِن سَب کے نام کِتاب حیات میں درج ہیں۔

## آخِری ہدایت

4 خُداوؔند میں ہر وقت خُوش رہو، میں پھر کہتا ہُوں: خُوش رہو!
5 تمہاری نرم مِزاجی سَب لوگوں پر ظاہر ہو۔ خُداوؔند جلد واپس لَوٹنے
والے ہیں۔
6 کسی بات کی فکر نہ کرو، اَور اَپنی سَب دعاؤں میں خُدا کے سامنے
اَپنی ضرورتیں، اَور مَنّتیں شُکر گُزاری کے ساتھ خُدا کے سامنے پیش کیا
کرو۔
7 تَب خُدا کا وہ اِطمینان حاصل ہوگا، جو اِنسان کی سمجھ سے بالکُل
باہر ہے، اَورجو تمہارے دِلوں اَور خَیالوں کو المسیح یِسوعؔ میں محفوظ
رکھے گا۔
8 غرض، اَے میرے بھائیو اَور بہنوں! جِتنی باتیں سچ ہیں، لائق
ہیں، مُناسب ہیں، پاک ہیں، دلکش ہیں اَور پسندِیدہ ہیں یعنی جو
اَچھّی اَور قابل تعریف ہیں، اُن ہی باتوں پر غور کیا کرو۔

9 جو باتوں کو تُم نے مُجھ سے سیکھا یا حاصل کِیا یا سُنا ہے یا مُجھ
میں دیکھا بھی ہے، اُن پر عَمل کرتے رہوگے۔ تو خُدا جو اِطمینان کا
چشمہ ہے تمہارے ساتھ رہے گا۔

## مالی اِمداد کے لِئے شُکر گُزاری

10 مَیں خُداوَند میں بہت خُوش ہُوں کہ اِتنی مُدّت کے بعد تُمھیں
پھر سے میری مدد کرنے کا خیال آیا۔ بے شک، پہلے بھی تُمھیں میرا
خیال تھا، مگر تُمھیں اُسے ظاہر کرنے کا موقع نہ مِلا تھا۔
11 میں یہ اِس لئے نہیں کہہ رہا ہُوں کہ مُحتاج ہُوں، کیونکہ مَیں
نے کسی بھی حالات میں راضی رہنا سیکھ لیا ہے۔
12 مَیں نے ناداری اَور فراوانی کے دِن بھی دیکھے ہیں، چاہے فاقہ
کشی ہو یا آسودگی اَور کثرت ہو یا قِلّت ہر حالت میں مطمئن رہنا
سیکھ لیا ہے۔
13 جو مُجھے طاقت بخشتا ہے اُس کی مدد سے میں سَب کچھ کر
سَکتا ہُوں۔
14 تو بھی تُم نے اَچھّا کیا کہ میری مُصیبت میں شریک ہوئے۔
15 اَے اہلِ فِلپّی! تُم اَچھّی طرح جانتے ہو کہ شروع شروع میں
جَب مَیں خُوشخبری سُناتا ہُوا، صُوبہ مَکِدُنیہؔ سے روانہ ہُوا تھا، تو تمہارے
سِوا کسی جماعت نے لینے دینے کے مُعاملہ میں، میری مدد نہ کی؛
16 جَب مَیں تھِسلُنیکے شہر میں تھا، تو تُم نے میری ضرورتوں کو
پُورا کرنے کے لِئے ایک دفعہ نہیں بَلکہ دو دفعہ کچھ بھیجا تھا۔
17 یہ نہیں کہ میں تمہاری بھیجی ہُوئی رقم کا مُشتاق ہُوں، بَلکہ
اَیسے اِنعام کی خواھش کرتا ھوں، جِس سے آپ کی رُوحانی برکتوں

میں اِضافہ ہو جائے۔
18 میرے پاس سَب کچھ ہے بَلکہ کثرت سے ہے۔ تمہارے بھیجے
ہوئے تحفے اِپفرُدِتُسؔ کے ہاتھ سے مُجھے مِل گئے ہیں، اَور میں اَور بھی
آسُودہ ہو گیا ہُوں۔ یہ خُوشبو اَور قُربانی اَیسی ہے، جو خُدا کی نظر میں
پسندِیدہ ہے۔
19 میرا خُدا، المسیح یِسوعؔ کے ذریعہ اَپنے جلال کی دولت سے
تمہاری تمام ضرورتیں پُوری کر دے گا۔
20 ہمارے خُدا اَور باپ کی تمجید ہمیشہ تک ہوتی رہے۔ آمین۔

## سلام و مُبارکبادی

21 ہر ایک مُقدّس سے المسیح یِسوعؔ میں سلام کہو۔
جو مسیحی بھائی اَور بہن میرے ساتھ ہیں، تُمہیں سلام کہتے ہیں۔
22 خُدا کے تمام مُقدّسین، خصوصاً تمام اہلِ ایمان جو قَیصؔر کے محل
والوں میں سے ہیں، تُمہیں سلام کہتے ہیں۔

23 خُداوؔند یِسوعؔ المسیح کا فضل تمہاری سَب کی رُوح کے ساتھ ہوتا
رہے۔ آمین۔

# Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ

## Urdu: Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https:// creativecommons.org/ licenses/ by-sa/ 4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
Biblica Inc کےذریعہ تجارتی رجسٹرڈ اَور سند کی حُقُوق کے متحدہ ھائے ریاست اَور "Biblica"
جاتاھے۔ کیا اسیعمال ساتھ کے اجازت وہھیں۔ درج میں دَفتر نشان
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

- You include the above copyright and source information.
- If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.
- If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f